**12/07/2025**

**12.30 PM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے**

**روزگار میلہ**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ روزگار میلہ نوجوانوں کو با اختیار اور ترقی یافتہ بنانے میں سرکار کے عزم کی عکاسی کرتا ہے ۔ 16 ویں ملک گیر روزگار میلے کے تحت آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 51 ہزار نوجوانوں کو نوکریوں کے تقرر نامے فراہم کر نے سے متعلق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مال سازی میں کافی تعداد میں روزگار کے نئے مواقعے پیدا کئے جا رہے ہیں ۔**

**-------------**

**وزیر اعظم نے کہا کہ اس سال کے بجٹ میں مینوفیکچرنگ شعبے کو فروغ دینے کی غرض سے مشن مینوفیکچرنگ کا اعلان کیا گیا ہے ۔**

**لیفٹیننٹ گورنر**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے راج بھون سرینگر میں حب الوطنی پر تحریر کئے گئے ایک گیت کا ایلبم جاری کیا۔ ”جے کشمیر “ نامی یہ گیت ایک نوجوان ڈاکٹر محمد شعیب ظہور نے لکھا اور کیا ہے ۔ Compose**

**-------------**

**ایل جی نے ڈاکٹر شعیب ظہور اور ان کی ٹیم کو جموں و کشمیر میں اتحاد ، ترقی ، اور تبدیلی کے جذبے کے لئے گانا وقف کرنے پر مبارکباد پیش کی ۔**

**چیف سکریٹری**

**جموں و کشمیر میں ایک لچکدار اور ترقی پر مبنی صنعتی ماحولیاتی نظام کی تعمیر کے لئے MSME ہیلتھ کلینک لانچ کیا۔اس چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر کا اپنی نوعیت کا پہلا موقعہ پر خطاب کرتے ہوئے چیف سکریٹری نے اس سہولت کے زیادہ سے زیادہ استعمال کی ضرورت پر زور دیا ۔ اس موقع پر کمشنر سکریٹری ، آئی اینڈ سی ، وکرمجیت سنگھ نے کہا کہ JKMHC ایک جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارم ہے جو پورے خطے میں MSME کے لئے صحت پورٹل کی جامع نگرانی اور تجزیاتی معلومات فراہم کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔**

**یاترا**

**سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے احسن طریقے پر جا ری ہے اور ہر روز خوشگوار موسم اور احسن انتظامات کے بیچ ہزاروں یاتری پوتر گھپا میں حاضری دے رہے ہیں ۔ آج صبح 11بجے تک مزید 4 ہزار 884 یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے ۔ دریں اثناءآج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے 6ہزار 639 یاتریوں پر مشتمل 11 واں قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ۔**

**وشوکرما یوجنا**

**انڈسٹریز اینڈ کامرس کشمیر کے ڈائریکٹر خالد مجید نے وشوکرما یوجنا کے موثر نفاذ کے مقصد سے ڈائریکٹوریٹ آف انڈسٹریز اینڈ کامرس سرینگر میں سکیم کے مستفیدین کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا ۔ ڈائریکٹر موصوف نے معیشت کی فروغ کے لئے براہ راست شمولیت اور تجاویز پر مبنی گورننس کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے زیر التوا ءمعاملات کو حل کرنے اور سکیم کے تحت بروقت فوائد کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے کہا ۔**

**ڈپٹی کمشنر سرینگر**

**ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے جے ایل این ایم اسپتال رینہ وارری کا دورہ کیا۔ ڈی سی نے کئی اہم منصوبوں کا موقعہ پر معائنہ کیا ۔**

**بارہمولہ**

**ڈی ڈی سی چیئرپرسن سفینہ بیگ کی صدارت میں منعقدہ ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل بارہمولہ کی میٹنگ میں مالی سال 2025-26 کے لئے 115 کروڑ 31 لاکھ روپے کے ضلعی کیپیکس بجٹ کی**

منظوری دی گئی۔ میٹنگ میں متعلقہ ارکان اسمبلی نے ضلع کے ترقیاتی امور سے متعلق اپنی تجاویز پیش کی ۔

## پولیس

جموں کشمیر پولیس نے دہشت پسندی کے مالی امداد کا ڈھانچہ ختم کرنے سے متعلق کاروائی کے دوران سوپور علاقے میں چند بنک کھاتوں میں جمع 18 لاکھ 93 ہزار 426 روپے کی رقم ضبط کی ہے ۔ پولیس نے سامبورہ پانپور کے شاکر ارشد ، مذمل گُل اور رشید حسین نامی تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان سے نشیلی اشیاءضبط کی ہےں ۔ اُدھر Anti Narcotics ٹاسک فورس نے بڈگام ضلع میں سُرن ہال بٹہ پورہ کے فاروق تیلی نامی منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے کافی مقدار میں فُکی بر آمد کی ہے ۔

## کشمیر یونیورسٹی اطلاع

کشمیر یونیورسٹی کے ڈائریکٹوریٹ آف Admissions and Competitive Examinations نے مختلف پروگراموں کے لئے آن لائن داخلوں اور فیس جمع کرنے کی آخری تاریخ میں آج سہ پہر تین بجے تک توسیع کی ہے ۔واضح رہے یہ داخلہ امتحانات 15 جولائی2025 کو منعقد ہونے والے ہیں ۔

## اطلاع

آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ پروگرام ” ضلع نامہ “ آج رات ساڑھے آٹھ بجے نشر ہو گا ۔ آج کے پروگرام میں ضلع گاندربل سے متعلق بات ہو گی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ